# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 26 اکتوبر 2021ء بمطابق 19 ربیع الاوّل 1443 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر سات منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، محمد عبدالسلام مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۙ Oخٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا O يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا O وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۔

(ترجمہ): بہر حال یہ یقینی امر ہے کہ اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر دی ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، کوئی حامی ومددگار نہ پاسکیں گے۔ جس روز ان کے چہرے آگ پر الٹ پلٹ کیے جائیں گے اُس وقت وہ کہیں گے کہ "کاش ہم نے اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی اور کہیں گے اے رب ہمارے، ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہِ راست سے بے راہ کر دیا۔

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Chairman: 'Questions` Hours': Ms. Shagufta Malik Sahiba, please.

* 12631 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیاوزیرمال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ مال کے حکام، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے Own Pay Scale پر محکمہ مال میں ملازمین تعینات کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں میں Own Pay Scale پر تعینات کئے گئے ملازمین کی تعیناتی اور تبدیلی آرڈرز کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیراعلیٰ) جواب (وزیر محنت وافرادی قوت نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جہاں تک تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کی پوسٹنگ اور Own Pay Scale کا تعلق ہے، یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ صوبے میں تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کی تعیناتی کے لئے پبلک سروس کمیشن سے رجوع کیا گیا ہے، چونکہ پبلک سروس کمیشن کی کارروائی کم از کم دو سال میں پوری ہو جائے گی اس لئے محکمہ نے ان آسامیوں کو پر کرنے کے لئے سنیارٹی کی بنیاد پر سینیئر نائب تحصیلداروں کو تحصیلدار کی اور گرداوروں کو نائب تحصیلدار کی آسامیوں کو عارضی طور پر پر کرنے کے لئے ڈویژن کمشنرز کے سپرد کیا ہے کہ حکومت کا کام خوش اسلوبی سے چلایا جا سکے۔ ڈویژن کمشنران صاحبان نے جو Own Pay Scale میں احکامات جاری کئے ہیں، ان کی تفصیل لف ہے۔

(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه۔ ما چې کوم سوال کړے دے په دیکښې چې کوم ډیټیل ماته راکړے شوے دے، په دیکښې که مونږه اوګورو، دا ریونیو ډیپارټمنټ چې دے، ظاهره خبره ده چې د ایس ایم بی آر د طرف نه چې کوم لیټر تاسو راکړے دے، په هغه لیټر کښې چې کوم Recommendation شوے وو او کوم نومونه ورکړی شوی وو، بیا هغې نه پس چې کوم دویم لیټر ماته ملاؤ شوے دے، ظاهره خبره ده چې Competent authority خو ایس ایم بی آر کیدے شی، زه په دې نه پوهیږم چې ایس ایم بی آر کوم انسټرکشنز ورکړی دی، هغه چې کوم لیټر ورکړے دے، د هغه آفیشل لیټر په ځائې دا د ایس ایم بی آر چې کوم لیټر دے، دا هغه لیټر حواله ئے ورکړې ده او بیا چې کله دوئ په Own Pay Scale باندې

دغه نائب تحصیلداران کړی دی، د هغه کسانو لسټ دوئ بدل کړے دے او صرف څلور کسان چې دی هغه د ایس ایم بی آر چې کوم لیټر دے د هغې نه شوی دی۔ باقی چې کوم دی نو هغه د کمشنر او ډپټی کمشنر په آرډر باندې شوی دی۔ دا سې ټول چې ما ته کوم جواب را کړے شوے دے په هغې کښې د هغه زیاته ایشو ده، نو که تاسو وایئ زه پرې ډسکشن هم کولې شم، زما به ریکویسټ وی چې که کمیټئ ته استولے شی نو دا لږ Complicated دے او Confusion دے پکښې، نو لږ به ډیټیل سره ډسکس شی۔

جناب مسند نشین: شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، دیکښې چې کوم دوئ څه غوښتی دی هغه خو ئے بالکل ورکړی دی، دا څنګه شوی دی، څوک کوی؟ دا خو ډیټیل شته، Already چې 42 ټوټل د دې Strength وو او هغه د دې وجې نه چې پبلک سروس کمیشن د کوم پوسټونو سینکشن د پاره ورکړی دی، د ډکولو د پاره، هغې کښې ټائم لګی، هغه چې کوم Gape راځی نو هغه مسئله حل کولو د پاره چې ترڅو هغه نه وی شوی او خلقو ته مشکلات جوړیږی، د هغه وجې نه چې کوم سینیئر دی، هغه تحصیلدار او نائب تحصیلدار هغوی لګولی دی، هم د هغه ډیپارټمنټ خلق دی او په دې کار باندې پوهیږی هم، په Own pay scale باندې ئے لګولی دی او چې کوم ډویژنل کمشنرز دی، هغوی ته دا اختیارات ملاؤ دی، د هغوی د هغه اختیاراتو په وجه باندې دا بهرتی دی خو دا Permanent نه دی، دا چې څنګه پبلک سروس کمیشن نه د دې پوسټونو سینکشن راشی، ان شاءالله دا به د هغوی په ځائې واخلی۔

مسند نشین: جی شګفته ملک صاحبه۔

محترمه شګفته ملک: زه دا ریکویسټ کوم، زما مقصد دا وو چې په دیکښې د نائب تحصیلدار د پاره چې دوئ کوم کسان کړی دی په دیکښې یو جونیئر کلرک دوئ کړے دے او یو د قانون ګو چې کوم پوسټ دے، د هغه کسانو ډیټیل که تاسو ما ته اووئیلو چې د دوئ څومره کوټه ده، د جونیئر کلرک څومره کوټه ده؟ ځکه چې په دیکښې خو Majority خلق چې دی هغه د قانون ګو والا پوسټ چې کوم دے، دا هغه خلق زیات شوی دی، نو د دوئ پالیسی څه ده؟ د نائب تحصیلدار د

پارہ ډویژنل کمشنر چې دے د هغه اختیار دے که د ایس ایم بی آر اختیار دے؟ پکار خو دا ده چې د ایس ایم بی آر کوم آفیشل لیټر دے، په هغه لیټر باندې عمل شوے وے خو هغه لیټر چې دے د هغې په ځائې کمشنر او ډپټی کمشنر خپل اختیارات استعمال کړی دی نو هغه بالکل Illegal دی، نوزما ریکویسټ دے چې په دیکښې ټول چې کوم ماته Pages راکړې شوی دی په ټولو کښې دا ایشو ده، نو کمیټئ کښې به ډیټیل سره ډسکس شی۔ تهینک یو۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت:</u> زه ریکویسټ کوم محترمه ایم پی اے ته چې دیکښې تاسو کوم ډیټیل غوښتے دے، هغه ډیټیل ئے درکړے دے، دا څه Permanent adjustment نه دے، Temporary adjustment دے او په Temporary کښې تاسو که اوګورئ د اے این پی په دور کښې هم ډیر داسې وو، ما سره د هغې ریکارډ هم شته که دوئ غواړی نو زه به ئے ورته ورکړم، په هغه دور کښې هم شوی دی، خوشدل خان صاحب ناست دے، دیکښې څه نشته، دا Temporary adjustment دے چې خلقو ته تکلیف نه وی، مشکلات نه وی ځکه چې پبلک سروس کمیشن کښې دوه کاله لګی، اوس چې تعیناتئ د پاره هلته کوم پوسټونه تلی دی هغې کښې ټائم لګی، د دې وجې نه دا Temporary adjustment کیږی او دا هر ګورنمنټ کښې شوی دی، زه دوئ ته دا ریکویسټ کوم چې دیکښې نور څه شته نه، که دا کمیټئ ته هم اولیږئ، هلته به هم دا خبره کیږی، جواب به ئے هم مونږه ورکوؤ، جواب هم هغه دے، دا Temporary adjustment دے، څنګه چې د پبلک سروس کمیشن نه پوسټونو ټول راشی نو دا به ختم شی۔

<u>Mr. Chairman:</u> Next Question. Ms. Nighat Orakzai Sahiba.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> آپ کو ڈیٹیل میں جواب شوکت صاحب نے دے دیا اور وہ جو آپ نے کوئسچن کیا تھا اس کے مطابق جواب انہوں نے دے دیا۔ جی مسز نگہت اورکزئی صاحبہ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر، خبره ئے واؤرئ، Please you are the custodian of the House right now, so خبره ئے واؤرئ چې لږ پهنساؤ شی۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> تهیک ده میډم، تاسو ته خو هغوی ډیټیل سره جواب درکړو، تاسو چې کوم کوئسچن غوښتے وو، د هغې مطابق جواب راغلے وو، تهیک ده۔

محترمہ شگفتہ ملک: زه صرف دا خبره کوم چې ټهیک ده، ما دا خبره کوله۔۔۔۔

جناب مسند نشین: شوکت صاحب، تا سو څه وایئ؟

وزیر محنت وافرادی قوت: کمیټئ ته ئے لیږئ، اودې لیږی، ما ته څه اعتراض نشته دے۔

جناب مسند نشین: کمیټی صحیح ده۔

وزیر محنت وافرادی قوت: چې دا خوشحاله شی، ټهیک شوه۔

جناب مسند نشین: میډم، تا سو اووئیل چې کمیټئ ته دې لاړ شی۔

محترمہ شگفتہ ملک: اؤ جی۔

جناب مسند نشین: Okay، ټهیک ده۔

The motion before the House is that the Question No.12631 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. It was sent to the concerned Committee. Next Question, Mister Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba.

Ms. Nighat Yasmeen Orakzai: I am not Mister, I am Mistress Nighat Orakzai. Thank you, Mr. Speaker; you gave me a right------

Mr. Chairman: Sorry, Mrs. Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba.

Ms. Nighat Yasmeen Orakzai: Right name that I am Mrs. So, I am from today, I am mister, so everyone should call me mister, this is honour for me. Sir, now thank you, Janab Chairman Sahib; thank you Janab e Speaker Sahib, it`s my honor that I am mister.

* 12718 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر اوقاف ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع باجوڑ (سابقہ فاٹا) محکمہ اوقاف، حج و مذہبی امور کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(1) مذکورہ محکمہ کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(2) مذکورہ محکمہ کو کتنا فنڈز ریلیز کیا گیا ہے؛

(3) مذکورہ محکمے نے کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ظہور (معاون خصوصی برائے اوقاف و مذہبی امور): (الف) جی ہاں، صوبائی حکومت نے ضلع باجوڑ (سابقہ فاٹا) میں مدارس کی مرمت اور بہتری کے لئے تین ملین روپے مختص کئے ہیں۔

(ب) (1) مالی سال 2020-21ء میں صوبائی حکومت نے محکمہ اوقاف، حج و مذہبی امور کے لئے 20 ملین روپے کا فنڈ نئے ضم شدہ اضلاع کے مدارس کی مرمت اور بہتری کے لئے مختص کیا ہے۔

(2) مالی سال 2020-21ء میں محکمہ مال نے پانچ ملین روپے کا فنڈ ریلیز کیا ہے۔

(3) تا حال محکمہ نے کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ہے، محکمہ نے ایکسیئن باجوڑ کو ایک ملین روپے 30 جولائی 2021ء کو ریلیز کئے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میرا جو سوال ہے وہ محکمہ اوقاف، حج و مذہبی امور سے ہے، ضم شدہ اضلاع باجوڑ کے بارے میں ہے۔ جواب میں انہوں نے بتایا ہے کہ مذہبی امور، حج، اوقاف نے ضم اضلاع کے لئے جو پہلے فاٹا تھا، 20 ملین اور خصوصاً باجوڑ کے لئے تین ملین مختص کئے۔ ان 20 ملین میں سے صرف پانچ ملین پورے ضم اضلاع کے لئے اور باجوڑ کے لئے تین ملین میں سے صرف ایک ملین ریلیز کئے، 2020ء میں اور جو 2021ء میں ابھی تک خرچ نہیں ہوئے ہیں، Point to be noted Sir, and 2021-22 چل رہا ہے، اگر باجوڑ کے لئے ریلیز کی گئی رقم خرچ نہیں ہوئی تو باقی میں تو کسی بھی اضلاع میں پھر خرچ نہیں ہوئی۔ دوسری بات یہ ہے کہ پی سی ون، میں آپ کو اپنا سوال بھجوا رہی ہوں، اس میں لکھا ہے، اگر آپ سیکنڈ نمبر دیکھ لیں، کوئی آئے تو دے دیجئے گا پلیز، اگر آپ اس کو خود Count کر لیں، آپ پی سی ون کے نیچے دیئے گئے سیریل نمبر دیکھیئے، ان کو آپ تمام جمع کریں، انہوں نے کہا ہے کہ 20 ملین یعنی دو کروڑ روپے ہم لوگوں نے رکھے ہیں، آپ خود اس کو Calculate کریں، اس میں 19 ملین بنتے ہیں، ایک ملین اضافی رقم کہاں گئی؟ کیا وہ منسٹر صاحب نے اپنے لئے رکھی ہے؟ اگر اپنے لئے رکھی ہے تو پھر یہ بھی بتا دیں، یہ 19 ملین سے 20 ملین جب رکھے گئے ہیں، منسٹر صاحب کا کوئی قصور نہیں ہوتا ہے، ان کو جو ڈیپارٹمنٹ جواب دیتا ہے، ڈیپارٹمنٹ کی یہ غلطی ہے، آج میں ان کو کہوں گی کہ اپنے تمام ڈیپارٹمنٹ کو شوکاز نوٹس بھی دیں، اپنے ڈیپارٹمنٹ کے سیکرٹری کو معطل بھی کریں، جو یہ نہیں دیکھتا ہے کہ یہ One million کہاں چلے گئے ہیں؟ مجھے بتایا جائے اور پھر سب سے بڑی بات یہ کہ اورکزئی کو انہوں نے Ignore کر دیا، خود اورکزئی کرم کو انہوں نے Ignore کر دیا جہاں پہ اورکزئی رہتے ہیں، کیا اورکزئیوں کا یہ قصور رہے گا کہ وہ تمام ضم اضلاع جو ہے، وہ تو Backward پہ جائیں گے، مجھے One

million کا اور اورکزئی کا اور کرم کا جواب منسٹر صاحب سے چاہیئے، وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ سے پوچھتے ہیں، جس سے بھی پوچھتے ہیں، مجھے One million کا حساب چاہیئے۔ تھینک یو۔

جناب مسند نشین: جناب ظہور شاکر صاحب منسٹر اوقاف۔

معاون خصوصی اوقاف و مذہبی امور: شکریہ، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، وہ سپلیمنٹری کر رہے ہیں۔

جناب مسند نشین: سپلیمنٹری کوئسچن، مولانا صاحب کا مائیک On کریں۔

حافظ عصام الدین: شکریہ جناب سپیکر صاحب، یہ اوقاف کے حوالے سے عرض ہے کہ گزشتہ سال پہلی مرتبہ مدارس اور مساجد کے لئے سولرائزیشن کی تقسیم کی گئی جس میں ہمارے اضلاع کو محروم رکھا گیا۔ دوسری مرتبہ سی ایم صاحب نے اپنے دست مبارک سے ہر ڈسٹرکٹ کو حصہ دیا تھا جس میں میرے حلقے کو بھی 14 مساجد کے لئے سولررائزیشن دی گئی تھی، جبکہ ڈیڑھ سال گزر چکا ہے، ہمیں افسوس ہے، میں صرف یہاں پر، منسٹر صاحب بہت اچھے بندے ہیں، بہت فکر مند انسان ہیں، مسائل زیادہ ہیں اس لئے شاید بعض اوقات کچھ مسائل کی طرف توجہ نہیں دی جاتی ہے، ابھی میں عرض کرونگا کہ منسٹر صاحب کی اس حوالے سے خصوصی توجہ درکار ہے کہ وہ مساجد، مدارس کے لئے جو سولررائزیشن کا انتظام تھا، اس حوالے سے کیا ہوا؟

جناب مسند نشین: جی ظہور شاکر صاحب۔

معاون خصوصی برائے اوقاف و مذہبی امور: شکریہ جناب سپیکر، پہلے میں میڈم کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میڈم، جو خاص کر Merged اضلاع ہیں، اس کے بارے میں سوالات اٹھاتے رہتے ہیں، اس میں شک نہیں ہے، خاص کر اورکزئی کے لئے (قہقہہ) اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جس طرح پچھلی حکومتوں نے محکمہ اوقاف اور مذہبی امور کو نظر انداز کیا ہوا تھا، اس کا جو کوئسچن تھا اس کو جواب مل گیا، اس نے جو Question raise کیا ہے وہ کوئسچن یہ ہے کہ یہ پوچھنا چاہتی ہیں کہ جو Twenty million تھے اس میں سے ایک ملین غائب ہے، میں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: مسز نگہت صاحبہ، اگر اس کا Reply سن لیں۔

معاون خصوصی برائے اوقاف و مذہبی امور: میں میڈم کے لئے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ ایک ملین اورکزئی کے لئے تھے لیکن اس کا میں سچ بتا رہا ہوں، میں نے پوچھا ہے، وہ میں (قہقہہ) میں نے پوچھا ہے، آپ

ڈیپارٹمنٹ سے آکر پوچھ سکتی ہیں کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ One million کا آپ پوچھ رہی ہیں، میں نے ڈیپارٹمنٹ سے پوچھا تھا ابھی فون کر کے کہ اس کا کیا مسئلہ تھا؟ انہوں نے کہا کہ یہ جو One million تھا وہ اورکزئی کے لئے رکھا تھا، ایک مدرسہ کے لئے لیکن اس کی صحیح ڈاکیومنٹ تیار نہیں تھا، اس کا Map اور Coordinates وغیرہ نہیں آئے تھے، سی اینڈ ڈبلیو کے پارٹ پہ رہ گئے تھے۔ باقی میڈم نے جو سوال اٹھایا ہے کہ یہ پیسے خرچ کیوں نہیں ہوئے؟ تو Executing agencies سی اینڈ ڈبلیو پہ ہم کرتے ہیں، ہماری طرف سے کوئی کوتاہی نہیں ہے، وہ ادھر جو مسئلے مسائل ہیں، وہاں کے کچھ مسئلے ہوں گے، باقی میں میڈم کو پہلے بھی بتا چکا ہوں، بالکل دو کروڑ روپے یا سات کروڑ روپے یہ بہت کم رقم ہوتی تھی، پہلے جو اوقاف ڈیپارٹمنٹ یا مذہبی امور کے لئے رکھتے تھے۔ ایک سوال انہوں نے یہ اٹھایا ہے کہ اورکزئی اور کرم کو اس میں نہیں رکھا ہے، میں اس کے لئے بتانا چاہ رہا ہوں کہ یہ اے آئی پی میں دو کروڑ رکھے تھے، باقی اے ڈی پی کے سات کروڑ روپے تھے، وہ ہم نے مساجد کے لئے رکھے تھے، ہم نے یہ دو کروڑ روپے، دو کروڑ روپے اگر ہم تقسیم کرتے تو پانچ پانچ لاکھ روپے بھی نہیں آسکتے تھے، اس لئے ہم نے اس کو اس طرح کیا کہ جو اے آئی پی کے پیسے تھے وہ ہم نے مدارس کو دیئے تھے اور یہ جو اے ڈی پی کی سکیمز تھیں وہ ہم نے مساجد کے لئے رکھی تھیں، اس لئے ہم نے وہ اورکزئی اور کرم میں مساجد کے لئے پیسے رکھے تھے۔ باقی حافظ صاحب کا سوال جو تھا، ان شاء اللہ ہم اس دفعہ ان کو مایوس نہیں کریں گے۔ باقی جو سولر رائزیشن کی بات کی ہے، وہ سولر رائزیشن پیڈو ڈیپارٹمنٹ کرتا ہے، وہ اوقاف کے ساتھ نہیں ہے لیکن پھر بھی ان شاء اللہ میں اس سارے ایوان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس دفعہ ہم نے Merged اضلاع کے لئے پانچ سو ملین روپے رکھے ہیں، مساجد اور مدارس کے لئے ان شاء اللہ تمام اضلاع کو ہم یکساں فنڈ دیں گے، جو محرومیاں تھیں، پہلے جس طرح نظر انداز کیا گیا تھا، ان شاء اللہ اس دفعہ حافظ صاحب کو میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ نہیں ہوگا۔ باقی میڈم کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں، انہوں نے اتنی باریک بینی سے کوسچن کو پڑھا ہے، اتنا وہ Observe کرتی ہیں، بالکل میں اس کو یہ کریڈٹ دیتا ہوں، میں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کو بتا دیا ہے کہ آئندہ کے لئے ایسی غلطیاں نہیں کرنا ہے، تھینک یو۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے بڑی تفصیل سے مجھے جواب دیا، ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہے لیکن ہم منسٹر کو کہتے ہیں کہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کو درست کریں، ہر منسٹر جو غلطیاں یا جو بھی کوتاہیاں ہوتی ہیں، کیونکہ کیبنٹ Collective

responsible ہے، ہر کیبنٹ ممبر کا یہ ہونا چاہیئے کہ وہ ہر جگہ بات کریں کیونکہ یہ خیبر پختونخوا ہمارا ہے، خواہ Settled ہو یا ایکس فاٹا ممبر ہو، یہ سب خیبر پختونخوا میرا ہے، منسٹر کا ہے، شوکت یوسفزئی کا ہے، ہمارے لاء منسٹر کا ہے، اسی طرح امجد صاحب کا ہے، خوشدل خان صاحب کا ہے، عنایت صاحب کا ہے، شگفتہ کا ہے، یہ ہم سب اس میں برابر اور اگر ہم سے یہاں پہ کوئی بھی کوتاہی ہوئی تو ہمیں جواب دینے والا، ہم نے جواب جو دینا ہے، یہ 99 ناموں والے اللہ کو دینا ہے، کیونکہ ہم نے اپنی کرسی کے ساتھ کتنی وفاداری کی ہے، لوگوں کی آواز کس حد تک اٹھائی ہے، باقی ظاہر ہے کہ انہوں نے جواب دے دیا، حالانکہ ڈیپارٹمنٹ جو کہ سابق پانچ ایجنسیاں ہیں، اگر وہ جواب دے سکتے تھے تو وہ اوکزئی کو بھی شامل کر سکتے تھے۔ چونکہ منسٹر صاحب نے مجھے یقین دہانی کرائی ہے، میں منسٹر کی بات کو Honour کروں گی، میں Satisfied ہوں، تھینک یو۔

Mr. Chairman: Next Question, 13017.Mr. Khushdil Khan Advocate.

* 13017 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کب قائم ہوا تھا، اس کا مینڈیٹ کیا ہے؛

(ب) خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے اپنے مینڈیٹ کے مطابق کیا کارکردگی دکھائی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی برائے صنعت): (الف) خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کا ادارہ صوبائی حکومت نے Executive order کے تحت ستمبر 2013ء میں قائم کیا۔ خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے قیام کا بنیادی مقصد صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا اور دونوں مقامی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرنا ہے۔ خیبر پختونخوا Board of Investment and Trade Act 2015 KP میں منظور ہوا، ایکٹ کے مطابق KP-BOIT کے دائرہ کار میں مندرجہ ذیل کام شامل ہیں۔

(1) صوبے کے متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر صوبے میں مقامی اور بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور سرمایہ کاروں کی معاونت کرنا۔

(2) حکومت کی صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے میں مدد کرنا۔

(3) حکومت کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2014ء پر عمل درآمد میں مدد کرنا۔

(4) بین الاقوامی اور مقامی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کرنے کے لئے کانفرنس، سیمینار اور روڈ شو منعقد کرنا اور سرمایہ کاروں کا اطمینان بحال کرنا۔

(5) صوبائی اور ملکی سطح پر بزنس کمیونٹی، بزنس ایسوسی ایشنز اور چیمبر برائے تجارت اور صنعت کے ساتھ مل کر صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے کام کرنا، علاوہ ازیں خیبر پختونخواہ سرمایہ کاری بورڈ کو درج ذیل اضافی ذمہ داریاں بھی سونپی گئی ہیں:

(الف) خیبر پختونخواہ اسپیشل اکنامک زون اتھارٹی سرمایہ کاری بورڈ کو منتقل کر دی گئی ہے۔

خیبر پختونخواہ سرمایہ کاری بورڈ کا کاروبار میں سہولت کے لئے ضوابط کی جدیدیت و ڈیجیٹلائزیشن کی خاطر فوکل پوائنٹ مقرر کیا گیا ہے۔

(ب) خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول اور مقامی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو صوبے میں مختلف سیکٹرز میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرنے کی کوششیں جس کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

درج ذیل ذمہ داریاں / فرائض خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ کو تفویض کئے گئے ہیں۔

(1) صوبائی حکومت کے 17 محکموں میں 88 ضوابط کی ریگولیٹری نقشہ بندی مکمل کی گئی ہے۔

(2) خیبر پختونخوا سرمایہ کاری بورڈ نے تمام متعلقین سے مشاورت کے بعد خیبر پختونخوا صنعتی پالیسی 2020ء ترتیب دی ہے جس میں مختلف مراعات تجویز کی گئی ہیں اور حتمی مسودہ کی منظوری صوبائی کابینہ نے دے دی ہے۔

(3) خیبر پختونخوا سرمایہ کاری بورڈ نے صوبے کی پہلی تجارتی حکمت عملی 2020ء بھی ڈرافٹ کر دی ہے۔

(4) وفاقی اور صوبائی محکموں کے ساتھ رابطے کے لئے ڈیجیٹل آفیشل آن لائن کاروبار کا پلیٹ فارم قائم کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں مذکورہ پلیٹ فارم میں شکایات کے ازالے اور درستگی بھی شامل ہے۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب، آواز نہ راځی۔ اس نے جواب دیا ہے-----

<u>جناب مسند نشین</u>: مائیک تو On ہے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ سپلیمنٹری کوئسچن ہے، پہلے یہ پیج نمبر ایک پر ہے، Annexure A اس کا جو نوٹیفکیشن Dated 02-09-2013 یہ کہتے ہیں کہ اس نوٹیفکیشن By exercising the executive power by the competent authority the board was constituted، میرا یہ سوال ہے کہ اس پر ذرا دستخط دیکھ لیں، یہ دستخط کس کے ہیں؟ Who is the signatory authority , who signed this? Whether it is right and legal in view of the Rules of Business, 1985 or not? کیونکہ ہمارے یہ Rules of Business جو کہہ رہا ہے، اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ اس میں کوئی اس کی Provision نہیں ہے، آپ ذرا اس کو پڑھ لیں، یہ کہتے ہیں، افتخار اے بھٹی اسسٹنٹ اکنامک ایڈوائزر یہ ذرا بتائیں کہ اس کا مطلب ہے Is there any figure of this designation in the Rules of Business or not? The second question انہوں نے جو بورڈ بنایا ہے اور Constitute کیا ہے، اس کے ممبروں کے نام نہیں ہیں، وہ نوٹیفکیشن انہوں نے دونوں جگہ نہیں لگایا کہ ہاؤس کو یہ پتہ چل جائے، اس بورڈ کے ممبران کون کون ہیں؟ اس کا مطلب ہے کہ فلاں ہوگا، فلاں ہوگا لیکن اب موجودہ اس وقت کون ممبر تھے، By name اور اب کون ہے؟ اب اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہے، سیکرٹری فنانس ہے لیکن اب کون ہے؟ یہ دوسری بات The last question ہے، اگر آپ ان کا یہ جو ایکٹ ہے، میرے ہاتھ میں یہ ہے کہ 2015ء میں The Khyber Pakhtunkhwa, Board of Investment and Trade Act, 2015، اب اس کے اگر آپ سیکشن 12 پڑھ لیں، یہ ہاؤس کو بتائیں، یہ سیکشن 12 ہے، اس کا Sub-section (2) میں پڑھنا چاہتا ہوں:

"The Board shall, within one hundred and twenty days of the end of each financial year send a copy of the annual report of the Board under sub-section (1) together with a copy of the statement of accounts of the Board certified by the auditors and a copy of the auditors' report to Government which shall be laid before the Provincial Assembly within two months of the receipt and caused to be published in the official Gazette."

اتھارٹی مجھے یہ بتائے کہ آیا 2015ء کے بعد آپ نے کتنی دفعہ اس رپورٹ کو اس ہاؤس میں پیش کیا ہے؟ بس یہ تین کوئسچنز میرے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: تاسو څه وایئ جی؟

جناب مسند نشین: سپلیمنٹری کوئسچن، مس شگفتہ ملک صاحبہ کا مائیک On کریں۔

محترمہ شگفتہ ملک: مننه، دا کوئسچن دے چې KP-BOIT، خیبرپختونخوا انوسټمنټ بورډ چې کوم دے یقیناً چې د دې کار ډیر زیات دے او د دې کار دا دے چې په دې صوبه کښې څومره انوسټرز دی، هغوی راوستل، هغوی په دې خبره قائل کول، په دې صوبه کښې زمونږه Already حالات دومره زیات خراب دی، څپلې شوی دی، نو زما دا کوئسچن دے چې کله نه د دوئ دا بورډ جوړ شوے دے، صوبه کښې اوسه پورې څومره انوسټرز راغلی دی او اوسه پورې زمونږه د KP-BOIT چئیرمین چې دے هغوی څومره خلق په دې قائل کړی دی چې په دې صوبه کښې هغوی بزنس اوکړی؟

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، جب کوئسچن ہوتا ہے تو اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ کے ذہن میں کوئی ایسی چیز ہے جو آپ جاننا چاہتے ہیں، وہ آپ کیوں چاہتے ہیں کہ پوری اسمبلی کو بھی پتہ چلے کہ وہ کوئسچن کیا ہے؟ اس کا جواب پوری اسمبلی کو پتہ چلے کہ یہ کوئسچن ہوتا اس لئے ہے جب کوئسچن کیا جاتا ہے تو اس وقت یہ ساری چیزیں ذہن میں ہونی چاہئیں کہ آپ نے کیا کیا پوچھنا ہوتا ہے؟ اب میں جناب محترم خوشدل خان صاحب جو کہ خود سپیکر رہے ہیں، میں صرف ان کے نالج میں لانا چاہتا ہوں کہ جو کوئسچن ہوا ہے، وہ آپ دیکھیں کہ خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسمنٹ اینڈ ٹریڈ کب قائم ہوا؟ اس کا جواب آیا ہے کہ 2013ء میں قائم ہوا اور اس کا مینڈیٹ کیا ہے؟ یہ چونکہ 2013ء میں یہ بورڈ قائم ہوا ہے، اس کا 2015ء میں ایکٹ آیا، اس کا جو مینڈیٹ ملا تھا، یہ جو ملکی اور غیر ملکی انوسٹمنٹ لیکر آئے گا، ماحول کو سازگار بنائے گا، یہ اس کا مینڈیٹ تھا، جو ہماری بزنس کیمونٹی ہے، Specially چیمبر ان کے ساتھ بیٹھ کر معاملات ٹھیک کرے گا، کانفرنس کرے گا، Road Show کرے گا، باہر جاکر کہ جی ہمارے پاس کیا ہے، اس صوبے کے اندر وہ چیزیں جاکر بتائیں گے تاکہ انوسٹرز آئیں، یہاں انوسمنٹ کریں۔ اس کا جو سپیشل اکنامک زون جب بنا تو یہ بھی اتھارٹی کے حوالے کیا گیا کہ جی یہ بھی دیکھے گی۔ سیکنڈ انہوں نے کوئسچن کیا ضمنی، (ب)، وہ یہ ہے کہ خیبر پختونخوا بورڈ آف انوسمنٹ اینڈ ٹریڈ نے اپنے مینڈیٹ کے مطابق کیا کارکردگی دکھائی؟ جو میرے Colleagues ہیں انہوں نے بھی یہی پوچھا کہ اب تک ان کی کارکردگی کیا رہی ہے؟ اس کی پوری کارکردگی کی ڈیٹیل موجود ہے، اگر یہ کہتے ہیں تو میں اس کو پڑھ کر بھی سناؤں کہ ابھی تک اس

نے کیا کیا ہے؟ مختلف سیکٹرز کو لیکر آئے، مختلف سیکٹرز کے اندر انوسٹمنٹ کو لیکر آئے، اس میں غیر ملکی، اب میں نام نہیں لینا چاہتا، اس ملک کے اور غیر ملکی انوسٹرز کو بھی لائے، جو قانون سازی ہوئی، اس میں سب سے پہلے جو تجارتی پالیسی ہے اس صوبے کی، وہ بنائی گئی، 2020ء۔ ڈیجیٹل آفیشل آن لائن کاروبار کا پلیٹ فارم قائم کیا گیا، باقی جو انوسمنٹ کے لئے جو جہاں جہاں کہا گیا، اس کی پوری ڈیٹیل دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ جو انہوں نے قانونی نکتے اٹھائے ہیں، میں ریکویسٹ یہ کروں گا کہ قانونی نکات کے لئے پھر مجھے ٹائم چاہیئے تاکہ میں دوبارہ ڈیپارٹمنٹ جا سکوں، ان کا بالکل Valid point ہے، میں اس سے انکار نہیں کرتا لیکن میں ان سے یہ گزارش کروں کہ وہ یا تو کوسچن لیکر آئیں یا مجھے بتادیں تاکہ میں ڈیپارٹمنٹ کو بٹھاؤں، وہ جو ٹیکنیکل پوائنٹس انہوں نے اٹھائے ہیں وہ اس کا جواب دے سکیں۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جناب خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب، بات یہ ہے کہ اس اسمبلی رولز میں جو سپلیمنٹری کوسچن کی Provision ہے، وہ کس طرح ہوتا ہے؟ جب ہم ان کو کوسچن بھیجتے ہیں تو یہ ہمیں انفارمیشن دیتے ہیں، معلومات دیتے ہیں، پھر ہم ان کو پڑھتے ہیں، پھر اس سے ہمارا سپلیمنٹری کوسچن بنتا ہے، خواہ وہ Legal ہو یا Factual ہو، Legal question بھی ضروری ہے کیونکہ جب ایک کام ہو رہا ہے یا نوٹیفکیشن ایشو ہو رہا ہے، وہ Illegal طریقے سے ایشو ہوتا ہے، اس کو اگر ہم یہاں نہ اٹھائیں تو کہاں اٹھائیں گے؟ میرا Legal question یہ ہے کہ یہ سپلیمنٹری جب ہم نے آپ کی Reply پڑھ لی، ہم نے دیکھ لیا کہ آپ نے کتنی کارکردگی کی ہے؟ اس کارکردگی کو ہم نے دیکھ لیا کہ آپ نے کس بنیاد پر کی ہے؟ کیا آپ نے Law کو Adopt کیا ہے، کیا وہ قانون کے مطابق کیا یا نہیں کیا؟ میرا یہ کوسچن ہے، اس میں آپ نے ایکٹ کو شامل کیا، یہ آپ کا Answer ہے، آپ کی Reply ہے، میں نے اپنے گھر سے نہیں لایا، آپ کا یہ ایکٹ ہے، اس میں سیکشن 12 آپ ذرا پڑھ لیں، خیر کوئی بات نہیں، اگر آج نہیں دے سکتے کل مجھے جواب دیدیں، ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں کہ آیا سیکشن 12 جو ہے، اس ایکٹ کے مطابق آپ ایک Annual report پیش کریں گے اسمبلی میں، اس کے ساتھ آڈٹ رپورٹ بھی ہوگی، ہم دیکھ لیں گے کہ آپ کی سالانہ کیا کارکردگی ہے، اس بورڈ کی کیا کارکردگی ہے؟ اس نے یہ بتایا ہے کہ 2015ء میں یہ ایکٹ آیا ہے، آیا 2015ء سے اب تک کتنی رپورٹ آپ نے پیش کیں؟ کیونکہ یہ Mandatory provision ہے جہاں پر قانون کی Interpretation وہ یہ ہے کہ جہاں پر Shall استعمال ہو جائے تو

وہاں پر یہ Mandatory ہو جاتا ہے، اگر ان کی کوئی نقل It means, he committed illegality، طلب ہے Unlawful act اس کو ہم کہتے ہیں، میں اپنے بھائی سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ سپلیمنٹری کوسچن آپ کے Answer سے ہم لیتے ہیں، ہمیں تو کوئی الہام نہیں ہوتا، جب ہم آپ کی Reply کو پڑھ لیں تو پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اس میں کوئی Ambiguity ہے، اگر Ambiguity ہے تو پھر ہم سپلیمنٹری کوسچن لاتے ہیں، دوسرے ممبر صاحب لاتے ہیں، جو پڑھیں اور Ambiguity نہ ہو تو ہم کلیئر کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے ہم ایڈمٹ کرتے ہیں، اگر ضرورت ہو تو پھر ہم اس ہاؤس سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اس کو ریفر کر لیں، مجھے یہ بتادیں اگر فرض کیا ڈیپارٹمنٹ نے Lay down نہیں کی رپورٹ تو کر لیں، آپ ان کو ڈائریکشن دیدیں یا یہ ایڈمٹ کریں کہ ٹھیک ہے ہم کر لیں گے، کوئی ایسی بات نہیں۔ دوسری بات اس میں میری یہ ہے کہ جو بورڈ Constitute کیا گیا ہے، اس ایکٹ سے پہلے ان کے ممبرز کون تھے؟ اس کا نوٹیفکیشن ساتھ لگائیں، اگر اب نہیں ہے تو کل سیکرٹریٹ کو دے دو، پرسوں دے دو، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ دوسری بات، جب ایکٹ بن گیا، اس ایکٹ کی روشنی میں آپ نے پھر بورڈ کو Constitute کیا ہے، اس بورڈ کے ممبران اب تک کون ہیں؟ یہ Simple question ہے، اس میں کیا ہے؟

<u>جناب مسند نشین</u>: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>وزیر محنت و افرادی قوت</u>: جناب سپیکر، ماته څه اعتراض نشته چې دوئ کوم انفارمیشن غواړی، بالکل ملاویدل پکار دی خو ډیپارټمنټ ته چې کوم کوئسچن لاړ شی، هغوی هم هغه شان جواب ورکوی۔ که دوئ دا وئیلی وو چې ماته د بورډ د ممبرانو نومونه اوښایه، ډیپارټمنټ به ورته دبورډ د ممبرانو نومونه ورکړی وو، که دوئ وئیلی وو چې د زړو ممبرانو نومونه راکړه، د زړو ممبرانو نومونه به ئے ورکړی وو، اوس هم زه دوئ ته دا وایم، مونږ څه پټول نه غواړو، که دوئ ته پکار وی، زه بالکل ډیپارټمنټ ته وایم چې د بورډ کوم ممبران پاتې شوې دی یا اوس دی، پکار ده چې دوئ ته نومونه ورکړی او ور به کړی، ان شاء الله۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: اس کے ساتھ رپورٹ بھی ہو۔

وزیر محنت وافرادی قوت: رپورټ به هم ورکړو، نور چې څومره انوسټرز ئے راوستی دی د هغې تفصیل ئے ورکړے دے، صرف دا هغه رپورټ دے، نور پکښې څه دی؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میں نے جو پوچھا ہے، یہ بہت ضروری ہے۔ دیکھیں، یہ اس اسمبلی کی قانون سازی ہے، آپ لوگوں نے قانون سازی کی ہے، 2015ء میں آپ بھی اس کے ممبر تھے، آپ لوگوں نے، آپ کی حکومت تھی، جب آپ اپنے قانون کو Implement نہیں کرتے In letter and sprit تو آپ کس طرح، کیونکہ یہاں اس میں لکھا گیا ہے کہ رپورٹ، آپ ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں کہ آیا آپ نے اب تک 2015ء سے لیکر اب تک اسمبلی میں کتنی رپورٹیں Submit کی ہیں؟ نہیں کی ہیں تو کیوں نہیں کی ہیں، کب کریں گے؟ یہ تو آپ کے ڈیپارٹمنٹ کی پرفارمنس ہے، اگر آپ ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں، اگر انہوں نے نہیں کیا ہے تو پھر انہوں نے اس Provision کو Ignore کیا ہے، اس کا ذرا پوچھ لیں، خیر ایسی بات تو نہیں ہے، اگر ہو تو بھیج دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، مجھے کوئی انکار نہیں ہے، میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ اگر کوسچن میں لکھ لیا جاتا کہ رپورٹ پیش کی ہے یا نہیں کی ہے تو وہ بھی جواب آ جاتا، یہ بالکل صحیح کہہ رہے ہیں، میں ڈیپارٹمنٹ سے ابھی بھی کہتا ہوں کہ ہمیں Next جب سیشن ہو، بالکل انہوں نے جو کوسچن اٹھایا ہے اس میں ان کا جواب آنا چاہیئے، ابھی تک کتنی وہ ہوئی ہیں، جو انہوں نے تفصیلات مانگی ہیں، بالکل ان کو ملنی چاہییے، میں ابھی انسٹرکشن دیتا ہوں، ان شاء اللہ جب بھی جمعہ کو اجلاس ہوگا یا جب بھی ہوگا، ان کو یہ فراہم کر دیں گے۔

جناب مسند نشین: چلیں ٹھیک ہے، شوکت صاحب نے کہہ دیا، آپ کو جو چیز چاہیئے وہ آپ کو بعد میں ڈیپارٹمنٹ Provide کر دے گا، رپورٹ آپ کو چاہیئے، وہ رپورٹ بھی دے دیں گے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: نہیں، پھر اس طرح کر لیں، آپ دیکھیں، You are the Presiding Officer, you have to issue the ruling، آپ رولنگ دے دیں، آپ کو چیئر کو تو یہ معلوم ہوگا کہ انہوں نے ابھی تک کوئی رپورٹ Submit نہیں کی ہے تو It is your obligation, it is the obligation of this Chair، آپ ان کو ڈائریکشن دیں گے کیونکہ میں اور وہ تو ممبران ہیں، وہ گورنمنٹ کو Represent کرتے ہیں، میں اپوزیشن سے تعلق رکھتا ہوں،

میں نے کوئسچن اٹھایا، اس نے مجھے جواب دیا، آپ اس پر رولنگ دے دیں، ڈیپارٹمنٹ کو ڈائریکشن دیدیں کہ اگر آپ نے رپورٹ Submit نہیں کی ہے تو آپ کرلیں (قہقہہ) دیکبنپ خه دی؟

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: یہ میں نے Favour کی ورنہ آپ نے جو کوئسچن پہ اتنی بحث کی، آپ نے جو کوئسچن پوچھا، اس کا جواب آگیا ہے، میں تو ایک قسم کی Favour کرنا چاہتا ہوں، اس لئے چاہتا ہوں کہ ہم کوئی چیز چھپانا نہیں چاہتے، اس میں رولنگ کی ضرورت نہیں ہے، Already میں ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشن دے چکا ہوں، اس میں اتنا۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: صحیح ہے، خوشدل خان صاحب کو جو چیز چاہیئے وہ Next session میں دے دیں، جو آپ نے کوئسچن کیا تھا اس کا جواب آپ کو ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہوا ہے، آپ کو پھر جو کچھ چاہیئے وہ آپ لے آئیں، اگلے اجلاس میں اس کو ایجنڈے پہ شامل کر لیں گے، اس کا پھر آپ کو جواب دے دیں گے، باقی جو Next اجلاس ہے، جس طرح شوکت صاحب نے آپ کو کہہ دیا کہ جمعہ یا جو Next اجلاس ہوگا، اس میں جو چیز آپ کو درکار ہے وہ آپ کو ڈیپارٹمنٹ دے دے گا، جو ڈیٹیل آپ نے مانگی ہے وہ تو انہوں نے دے دی ہے۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: Sir, with due respect، میں یہ گزارش کرتا ہوں، یہ جواب ہاؤس کو آئے گا، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر انہوں نے رپورٹ Submit نہیں کی ہے، ان کو آپ ڈائریکشن دیدیں کہ آپ Within one month, two months وہ رپورٹ Submit or lay down in this august House تاکہ ہم دیکھ لیں، جو کوئی دیکھتا ہے دیکھ لے، یہاں پہ رپورٹیں آتی رہتی ہیں، ہم دیکھتے ہیں، آپ ان کو ڈائریکشن دیدیں، اب میں کس سے ملوں گا؟ میں ان کے دفتر جاؤں گا یا وہ میرے، وہ تو ختم، It is the property of this House، میرا تو نہیں ہے، آپ ڈائریکشن ان کو دیدیں۔

<u>وزیر محنت وافرای قوت</u>: سر، اس طرح ہے کہ یہ نیتوں کی بات ہے، یہاں مجھے نیت ان کی اچھی نہیں لگ رہی ہے ورنہ میں واضح طور پہ کہہ چکا ہوں کہ آپ جو چیز چاہتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ موجود ہے، آپ کو فراہم کر دیں گے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں لیکن مجھے ان کی نیت اچھی نہیں لگ رہی۔

(قہقہے)

<u>Mr. Chairman:</u> Next, Question No.13076, Mr. Sirajuddin Sahib.

* 13076 _ <u>جناب سراج الدین</u>: کیا وزیر ماحولیات وجنگلات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ دو سالوں کے دوران شجر کاری مہم کے دوران محکمہ جنگلات نے صوبہ بھر میں ضلع وار کتنے پودے لگائے ہیں اور ان پودوں کی دیکھ بھال سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات کی وضاحت کی جائے؛
(ب) گزشتہ دو سالوں کے دوران شجر کاری مہم میں صوبہ بھر میں ضلع وار لگائے گئے پودوں پر کتنی لاگت آئی ہے، اس کی ضلع وار مالیت کیا ہے؟

<u>سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات وجنگلات و جنگلی حیات) جواب (وزیر محنت وافرادی قوت نے پڑھا)</u>: گزشتہ دو سالوں میں 2020-21 & 2019-20ء کے دوران Ten Billion Trees Tsunami Operation Program میں شجر کاری مہم کے دوران محکمہ جنگلات نے صوبہ بھر میں ضلع وار 392 ملین پودے لگائے جن میں سے 94.31 ملین پودے بذریعہ پلانٹیشن، 18.79 ملین بذریعہ Sowing doubling، 187.82 ملین بذریعہ قدرتی نو پود اور 91.15 ملین بذریعہ فارم فارسٹری یعنی عوام الناس میں فری تقسیم کے ذریعے سے لگائے گئے ہیں۔

( ان پودوں کی ضلع وار تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

ان پودوں کی دیکھ بھال کے لئے چوکیدار اور نگہبان فورس تشکیل دی گئی ہے جو کہ متعلقہ دیہی ترقیاتی کمیٹی VDC کے ذریعے رکھی گئی ہے۔

(ب) ان پودہ جات میں پچھلے دو سالوں 2020-21 & 2019-20ء میں 5740.470 ملین روپے خرچ کئے گئے ہیں جس کی ضلع وار تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

| Division wise No. of Plants Planted with Expenditure under 10-Billion Tree Tsunami Program 2019-20 and 2020-21 | | | |
|---|---|---|---|
| S. Number | Name of division | Total No.of Plants in Millions | Expenditure Rs. |
| Central Southern Region-I, Peshawar | | | |
| 1 | Peshawar | 9.56 | 235,760,105 |
| 2 | Mardan | 6.86 | 142,630,534 |
| 3 | Kohat | 12.41 | 214,755,475 |
| 4 | Bannu | 6.50 | 310,861,855 |
| 5 | D.I.Khan | 7.71 | 238,391,085 |
| 6 | Khyber | 12.71 | 176,834,641 |
| 7 | Bajour | 10.07 | 189,593,414 |
| 8 | Mohmand | 10.36 | 213,720,657 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 | Kurram | 5.78 | 156,746,628 |
| 10 | Orakzai | 25.76 | 162,561,568 |
| 11 | North Waziristan | 10.01 | 192,682,353 |
| 12 | South Waziristan | 16.66 | 196,745,214 |
| Sub Total | | 134.41 | 2,431,283,528 |
| Northern Forest Region-II, Abbottabad | | | |
| 13 | Haripur | 6.35 | 116,795,284 |
| 14 | Gallies | 14.95 | 199,651,021 |
| 15 | Siran | 10.65 | 108,231,312 |
| 16 | Kaghan | 11.34 | 161,396,184 |
| 17 | Agror Tanawal | 2.89 | 97,618,500 |
| 18 | Hazara Tribal | 7.10 | 143,140,680 |
| 19 | Torghar | 3.51 | 91,410,752 |
| 20 | Lower Kohistan | 1.11 | 27,457,500 |
| 21 | Upper Kohistan | 0.33 | 18,603,918 |
| 22 | Daur Watershed | 8.23 | 114,937,667 |
| 23 | Unhar Watershed | 22.30 | 233,257,695 |
| 24 | Kunhar Watershed | 16.18 | 237,441,028 |
| 25 | Kohistan Watershed | 12.45 | 178,330,439 |
| 26 | Buner Watershed | 7.32 | 163,386,625 |
| Sub Total | | 124.71 | 1,891,658,605 |
| Malakand Forest Region-III, Swat | | | |
| 27 | Kalam | 7.36 | 95,909,945 |
| 28 | Swat | 10.36 | 171,997,810 |
| 29 | Alpuri | 13.70 | 145,135,588 |
| 30 | Buner | 10.07 | 171,124,182 |
| 31 | Malakand | 7.56 | 141,851,608 |
| 32 | Lower Dir | 9.44 | 151,396,380 |
| 33 | Upper Dir | 34.32 | 193,778,242 |
| 34 | Dir Kohistan | 17.93 | 159,240,606 |
| 35 | Chitral | 22.22 | 187,093,741 |
| Sub Total | | 132.96 | 1,417,528,102 |
| Grand Total | | 392.08 | 5,740,470,235 |

جناب سراج الدین: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، مجھے میرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان صاحب، آپ نے جو کوئسچن کیا تھا اس کا مکمل جواب آپ کو مل گیا، مکمل، آپ کو جس چیز کی ضرورت ہے تو آپ Next Question لے آئیں، اس کا جواب بھی آپ کو ڈیپارٹمنٹ دیدے گا۔

جناب سراج الدین: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ میں نے گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبہ بھر میں لگائے گئے پودوں اور اس پر اٹھنے والے اخراجات کی تفصیل مانگی تھی جس کے جواب میں محکمہ جنگلات نے اس معزز ایوان کو بتایا ہے کہ بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے تحت گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبہ کے 35 اضلاع میں مجموعی طور پر پانچ ہزار 740 ملین روپے کی لاگت سے 392 ملین پودے لگائے گئے ہیں اور اس کی ضلع وار تفصیل بھی فراہم کی گئی ہے۔ میرا اس حوالے سے ضمنی سوال یہ ہے کہ جس طرح گزشتہ اجلاس میں میرے سوال کے جواب میں محکمہ جنگلات نے اس معزز ایوان کو بتایا تھا کہ ایک سال کے دوران صوبہ بھر میں جنگلات میں آتشزدگی کے 58 واقعات میں 815 ایکڑ سے زیادہ رقبے پر جنگلات جل گئے ہیں تو کیا آتشزدگی کے کسی واقعہ میں بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے سائیٹس بھی متاثر ہوئے ہیں؟ دوسرا یہ کہ بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے تحت جس طرح جواب میں بتایا گیا کہ بعض اضلاع میں زیادہ اور بعض اضلاع میں محدود شجرکاری ہوئی ہے، تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

جناب مسند نشین: ثناء اللہ صاحب، سپلیمنٹری کوئسچن۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکر صاحب، دوئ چې دا کوم سوال کړے دے د فارسټ باره کښې، دا ډیر اهم دے۔ حقیقت دا دے چې دا صوبه الله رب العزت قدرتی طور باندې داسې تقسیم کړې ده چې سوات او زمونږه دیر، چترال او مانسهره زیات ځنګلونه هلته دی، دوئ چې دا کوم تقسیم کار کړے دے او په دې باندې دا کوم بوټی دوئ لګولی دی او بیا په دیکښې دوئ VDCs جوړې کړی دی، هغه وړې کمیټیانی دی، نګهبان ورته وائی چې هغه د هغه پلانټیشن حفاظت کوی۔ زما په دیکښې عرض دا دے چې کومې دلته دوئ دا پیسې ښودلی دی، اوسه پورې هغه VDCs ته خپلې پیسې چې هغې باندې خرچ شوې دی هغه هم پورا پورا نه دی ملاؤ شوی۔ زما په خیال فارسټ منسټر صاحب موجود نشته، مونږه د شوکت صاحب نه دا ضمنی سوالونه کوؤ نو زما په خیال دوئ به بیا دا وائی چې هغه خو شته، زما په دیکښې دا درخواست دے چې یو خو VDCs او د

حکومت په ذریعه چې کوم نګهبانان جوړ شوی دی، هغوی ته تنخواګانی نه ملاویږی، اربونه روپۍ خرچ شوی دی، پکار دا ده چې هغه خلقوته 15 هزار روپۍ معاوضه یعنی تنخواه حکومت ورکوی، حالانکه د حکومت فیصله دا ده چې 21 هزار نه به کمې پیسې مونږه چاته نه ورکوؤ ځکه چې پرائیویټ سیکټر بیا هغې نه فائده اخلی، هغه مثال ورکوی، وائی حکومت نه ورکوی نو مونږ نه به څنګه مزدور کار دا پیسې اخلی؟ زما په دیکښې عرض دا دے چې دا کمیټۍ ته لاړ شی او په دې باندې لږ تفصیلی خبره اوشی چې زمونږه د هغه وی ډی سیز چې کوم فارسټ کښې لګیدلی دی، هغوی ته هغه پیسې اوسه پورې ملاؤ نه شوې، حکومت وائی چې مونږه پیسې ورکړی دی، حقیقت کښې پیسې هغوی ته ملاؤ شوې نه دی۔

جناب مسند نشین: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، میں دوبارہ یہ کہونگا،اس طرح کریں کہ اس اسمبلی کے لئے کوئی سیشن بنائیں، جو ہمارے سینیئر لوگ ہیں، جس طرح خوشدل خان صاحب، بابک صاحب یہاں بیٹھے ہیں، ہمارے جو سینیئر بیٹھے ہیں، ثناء اللہ صاحب خود بھی سینیئر ہیں، سر، اس طرح کوئی Refresher courses کرائیں کیونکہ کوئسچنز آور کے لئے یہ جو ٹائم مقرر ہوتا ہے، اسی ٹائم کے اندر آپ نے کوئسچن بھی اٹھانا ہے، اس کا جواب بھی آپ نے دینا ہے، وہ تحریری ہوتا ہے، یہ پوری دنیا کے اندر یہ پریکٹس ہورہا ہے، یہاں پہ جو ہے آپ ایسے ایسے ٹیکنیکی کوئسچنز اٹھاتے ہیں جو منسٹر کو بھی پتہ نہیں ہوتا، کنسرنڈ منسٹر بھی اگر یہاں بیٹھا ہو تو ٹیکنیکی سوالات کا جواب وہ بھی نہیں دے سکتا، میں یہ عرض کررہا ہوں کہ کوئسچنز آور ہوتا ہی اس لئے کہ فٹافٹ اس میں کوئسچن جلدی آئے، فوراًاُس کا جواب ملے، اس پہ ڈسکشن نہیں ہوتی ہے، یہ اسمبلی کی کارروائی کو آپ Streamline کریں، میں گزارش کروں گا، ضمنی کوئسچن ہوتا ہے لیکن ضمنی کوئسچن اسی کے اندر ہوتا ہے، اسی سے Related question ہوتا ہے، یہ نہیں کہ آپ وہاں پہ جس طرح ہم کوئی امتحان میں بیٹھے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ سخت سے سخت کوئسچن کریں تاکہ یہ بندہ فیل ہوجائے، یہ نہیں ہونا چاہیئے، میں اس لئے گزارش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، میں دوبارہ کہتا ہوں، کوئسچن پڑھ لیں، آپ کا کوئسچن یہ ہے کہ محکمہ جنگلات نے صوبہ بھر میں ضلع وار کتنے پودے لگائے؟ اب اس میں کیا ہے؟ اس میں کچھ اور چیز Add ہے، اس میں ان پودوں کی دیکھ بھال

سے متعلق اقدامات کی وضاحت کی جائے، اتنے واضح الفاظ میں لکھا گیا ہے کہ 392 ملین پودے لگائے گئے ہیں، پھر اس کی ڈیٹیل دی گئی ہے کہ جی اس طرح اس میں ڈائریکٹ پلانٹیشن یہ ہوئی ہے، اس میں بیج کا یہ ہوا ہے، جو جنگلات کو بچایا گیا، اس میں اتنے پودے اگے ہیں، ساری ڈیٹیل اور پھر ان پودوں کی دیکھ بھال کے لئے چوکیدار اور نگہبان ہے، یہ سارے موجود ہیں، اس کے اندر VDC کمیٹی کا بھی ذکر ہے۔ اب جو ثناء اللہ صاحب نے جو سپیشل کوسچن کیا ہے کہ نگہبانوں کو تنخواہیں نہیں دی جارہی ہیں، اس پہ میں بالکل ایکشن لوں گا، اس لئے کہ میرے پاس ہیومن رائٹس کا بھی محکمہ ہے، میرے پاس لیبر کا بھی محکمہ ہے، اگر یہ تنخواہیں نہیں ملی ہیں، یہ میں ڈائریکشن دیتا ہوں کہ ان کی وجوہات مجھے بتائیں؟ Next session کے دن وجوہات بتائیں کہ آپ نے تنخواہیں کیوں نہیں دی ہیں؟ یہ تو میں آپ کے ساتھ ہوں لیکن باقی ایسا کوسچن کیا جائے کہ اس میں وقت ضائع نہ ہو۔ یہ جو اس کے بعد کافی ہمارے جو بلز ہوتے ہیں، جو ڈسکشن ہوتی ہے، کبھی کبھار تحریک التواء کے اوپر بہت زبردست ٹاپک ہوتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ سارے ممبران اس کے اوپر بولیں، سارا وقت ہمارا اس پہ چلا جاتا ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ تمام ممبران کو یہ بتایا جائے کہ آئندہ آپ کو ڈیپارٹمنٹ نے جواب دینا ہوتا ہے، یہ وہاں ہفتے ہفتے پڑا رہتا ہے، یہ کوسچن اگر یہ تین، چار جگہ دس کوسچنز کر لیں تو وہ دس کا جواب دے دیں گے تاکہ یہ جو تشنگی رہتی ہے ممبران کی، وہ نہیں رہے گی۔ آپ جو ٹیکنیکل کوسچن کروگے تو آپ کو Relevant Minister بھی جواب نہیں دے سکے گا، میں عرض کرتا ہوں، اس میں کسی کو فیل اور پاس کرنے کی بات ہوتی نہیں، آپ مشکل سے مشکل سوال پوچھیں، آپ کو ڈیپارٹمنٹ جواب دے گا، وہ لازمی ہے، میری یہی گزارش ہے، بہت شکریہ۔

جناب مسند نشین: کوسچن نمبر 13323، میر کلام خان۔

* 13323 _ جناب میر کلام خان: کیا وزیر اوقاف ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع شمالی وزیرستان میں محکمہ میں سال 2018ء سے 2021ء تک مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ میں کل کتنے افراد کس قانون، کن کے احکامات سے بھرتی ہوئے ہیں، تمام بھرتی شدہ افراد کی درخواستیں، شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد، بھرتی آرڈر، موجودہ پوسٹنگ آرڈر، اخباری اشتہارات، کیڈر، بنیادی سکیل اور سلیکشن کمیٹی کے ممبران

کے نام فراہم کئے جائیں، نیز سال 2022ء میں مزید کتنے افراد بھرتی کئے جائیں گے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ظہور (معاون خصوصی اوقاف و مذہبی امور): (الف) جی نہیں، ضلع شمالی وزیرستان میں محکمہ اوقاف میں سال 2018ء سے لیکر 2021ء تک مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں نہیں کی گئی ہیں۔

(ب) سال 2022ء میں شمال وزیرستان میں محکمہ اوقاف کسی قسم کی تعیناتی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا کیونکہ شمالی وزیرستان میں محکمہ اوقاف کا ذیلی دفتر موجود نہیں ہے۔

جناب میر کلام خان: تھینک یو، جناب چیئرمین صاحب۔ میرے کوئسچن کا جواب توآیا ہے، اس میں لکھا ہے کہ نارتھ وزیرستان میں میں نے پوچھا ہے، وہاں پہ تو اوقاف کا آفس بھی نہیں ہے، میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہوگی کہ یہ جو اے آئی پی ہماری جاری ہے، اگر اس میں ہمارے Merged districts میں یہ آفسز نہیں بن گئے تو میرے خیال میں یہ پھر نہیں بن سکتے، میری ریکویسٹ یہ ہوگی کہ اس اے آئی پی میں پورے Merged districts کے سارے اضلاع میں ان کے دفاتر کے لئے وہ اپنی جگہ کا تعین بھی کرلیں، ہمارے Merged districts میں آفسز بھی بنائیں، چونکہ پورے Merged districts میں ان کا دفتر نہیں ہے، تھینک یو۔ باقی میں کوئسچن سے مطمئن ہوں۔

جناب مسند نشین: مسٹر ظہور شاکر صاحب، پلیز۔

معاون خصوصی اوقاف و مذہبی امور: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بالکل معزز رکن نے بڑی اچھی تجویز دی ہے، ان شاء اللہ میں اس تجویز سے اتفاق کرتا ہوں، ہم Merged اضلاع کے لئے ان کے آفسز کے لئے اپنے ڈیپارٹمنٹ سے بات کروں گا، یہ بالکل ان کا Valid question ہے، ہم کوشش کررہے ہیں کہ ہمارا اوقاف ڈیپارٹمنٹ جو پہلے کسی کو نام کا بھی پتہ نہیں تھا لیکن یہ ہماری حکومت کی کارکردگی ہے کہ ہمارے سی ایم صاحب نے اس دفعہ اتنا بڑا بجٹ ان کے لئے رکھا ہے، یہ میں پہلے بھی بتاچکا ہوں کہ اوقاف اور مذہبی امور کے لئے پہلے 25 کروڑ روپے سے زیادہ بجٹ نہیں ہوتا تھا، یہ پہلی دفعہ ہے، ہم نے اس دفعہ پانچ ارب روپے رکھے ہیں، اس دفعہ اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ ہماری جو حکومت ہے، ہم مذہبی امور کے ساتھ جتنے بھی وہ Related ہیں، چاہے وہ جنازگاہ ہے، چاہے وہ مدارس ہیں، مساجد ہیں، ان کے لئے ہم نے دینی طلباء کے لئے سکالرشپ کے لئے 75 کروڑ روپے رکھے ہیں، اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ یہ پہلی دفعہ ہو رہا ہے، ہماری حکومت نے مذہبی سائیڈ پہ اتنا بجٹ رکھا ہے، یہ پہلی دفعہ ہو رہا ہے، یہ جو میڈم

کو ئسچن کر رہی تھیں، یہ پرانے ہیں، وہ کو ئسچن کرتی تھیں، بالکل یہ بات صحیح ہے کہ کبھی دو کروڑ روپے رکھے ہیں، کبھی پانچ کروڑ روپے رکھے ہیں، اس میں سے ایک ضلعے کا بھی کام نہیں ہوتا تھا، اس لئے ہم نے اس دفعہ ہمارے وزیراعلیٰ صاحب نے اتنا وسیع بجٹ رکھا ہے، پانچ ارب روپے سے زیادہ، اس کے ساتھ آئمہ کرام کے لئے جو اعزایہ ہے وہ اس سے الگ ہے، اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ ان شاء اللہ اس دفعہ جتنے بھی یہ معزز ارکان کے سوالات ہیں، یہ پچھلے ادوار کے سوالات آرہے ہیں، اس کے باوجود میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس دفعہ ہم نے Merged اضلاع کے لئے علیٰحدہ پیسے رکھے ہیں، یہ Settled districts کے لئے علیحدہ رکھے ہیں لیکن اس کو ملا کر میں پھر بھی کہنا چاہ رہا ہوں کہ یہ مذہبی سائیڈ پہ جتنی بھی مساجد، مدارس، جناز گاہ اور جتنے بھی دینی طلباء ہیں، ان کی Capacity building، ان کے لئے رحمت اللعالمین سکالرشپ ہم نے رکھی ہیں، ہم 20 ہزار دینی طلباء کو سکالرشپ دیں گے، 75 کروڑ روپے 20 ہزار طلباء کو دیئے جائیں گے، کچھ Merit based ہیں اور کچھ Need based ہیں۔ تھینک یو۔

Mr. Chairman: Question No. 13472, Ms. Naeema Kashwar Khan.

* 13472 _ محترمہ نعیمہ کشور خان: کیا وزیر ماحولیات وجنگلات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے میں صنعتی شعبوں، ہسپتالوں اور دیگر مقامات پر کچرے کو ٹھکانے لگانے اور فضلے کو تلف کرنے کے لئے حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں؛

(ب) حکومت صنعتی شعبوں اور ہسپتالوں میں Purification اور Recycling کے پلانٹس لگانے کے متعلق کیا منصوبہ بندی اور اقدامات کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات وجنگلات وجنگلی حیات) جواب (وزیر محنت وافرادی قوت نے پڑھا):

(الف) ماحولیاتی ایکٹ مجریہ 2014ء کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات مندرجہ ذیل سیکشنز کے تحت مندرجہ شعبوں کے متعلق احکامات دیتا ہے۔

(1) سیکشن 13 کے تحت صنعتی شعبے کے مختلف کارخانوں، ہسپتالوں کو تعمیر کے لئے ماحولیاتی اجازت نامہ چند شرائط کے تحت جاری کرتا ہے جس میں بنیادی شرائط آلودگی کو قابو کرنے کے لئے Purification treatment plant / pollution plant لگاتا ہے۔

(2) سیکشن 11 کے تحت کارخانوں/ہسپتالوں سے نکلنے والی آلودگی کی روک تھام کے لئے اقدامات کرتا ہے، جو کارخانے قومی ماحولیاتی معیار پر پورے نہیں اترتے، ان کے خلاف ماحولیاتی ٹریبونل میں کیس جمع

کراتا ہے، تاحال ادارہ ہذا نے صوبہ بھر کے مختلف شعبہ جات میں 3645 کیسز جمع کرائے ہیں، ان کیسوں میں عدالت نے 6 کروڑ 3 لاکھ کے جرمانے عائد کئے ہیں، جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

PROGRESS REPORT OF EPT CASES FROM 31/07/2017 TO 11/01/2021

| Total submitted cases | Total Decide cases | Total Pending cases | Total fine(In Rs) |
|---|---|---|---|
| 3645 | 1661 | | 60, 300000/. |

DETAIL OF CASES (REGION WISE)

| S.No | Region | Number of cases submitted |
|---|---|---|
| 01 | Head office Peshawar | 1813 |
| 02 | Northern Directorate Abbottad | 606 |
| 03 | Sothern Directorate D.I.Khan | 667 |
| 04 | Malakand Directorate Swat | 559 |
| Total | | 3645 |

DETAIL OF CASES (SECTOR WISE)

| Sector | No of Cases |
|---|---|
| Asphalt plant | 14 |
| Bones Stores | 01 |
| Block Factory | 12 |
| Cements plants | 11 |
| Ceramics | 03 |
| Chemical Factories | 06 |
| CNG &LPG and Petroleum | 28 |
| Cosmetics | 02 |
| Cotton Machines | 08 |
| Dairy Farm | 02 |
| Dam | 01 |
| Enterprises | 01 |
| Feed Industry | 01 |
| Fertilizer | 02 |
| Food Industries | 14 |
| Ghee Industries | 04 |

| | |
|---|---|
| Granite | 09 |
| Grinding Mils | 15 |
| Gypsum | 04 |
| Hotels and Rest Houses | 133 |
| Marble Unites | 576 |
| Matches Factories | 02 |
| Mineral unites | 07 |
| Mining Companies | 01 |
| Mlnrox | 01 |
| Poultry Farm and Poultry feed. Protection | 63 |
| Pasretr of Parise | 450 |
| Plastic Industries and Plastic Stores | 122 |
| Paper Mills | 10 |
| Pipe Factories | 03 |
| Ply Wood | 03 |
| Polymers | 02 |
| Pope Factories | 06 |
| Power Loom | 01 |
| Printing and Oackeges | 01 |
| PVCP Pipe | 01 |
| Rice Mills | 03 |
| Rubb Brining Unit | 02 |
| Service Station | 01 |
| Soap Mills | 03 |
| Steel Mills | 28 |
| Super Store | 06 |
| TMA,WSSP and Cant | 31 |
| Chip Board | 12 |
| BTS Towers | 182 |
| Brick Kiln | 94 |
| Chips units | 166 |
| Crush Unites | 559 |
| Hospitals | 265 |

| | |
|---|---|
| Housing Schemes | 45 |
| Hydro power | 01 |
| Sugar Mills | 17 |
| Tannery | 07 |
| Textail Mills | 02 |
| TMA,s | 30 |
| Tyre Payrolysis | 01 |
| Water Minerals | 01 |
| Weeding Halls | 02 |
| Woolen Mills | 01 |
| Water Tank Factories | 03 |
| Cool crush and Cool Godam | 39 |
| Scrape and Garbage | 01 |
| Miscellaneous | 181+58+189+264 |
| Total | 3645 |

ادارہ تحفظ ماحولیات صوبے کے ہسپتالوں کو کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لئے Incinerator لگوانے کا حکم دیتا ہے، خلاف ورزی کی صورت میں یہ ایجنسی خیبر پختونخوا ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2014ء کے تحت باقاعدہ نگرانی کر رہی ہے اور قانونی کارروائی کرتی ہے۔ تاحال 265 ہسپتالوں کے خلاف عدالت میں کیسز جمع کرائے گئے ہیں۔

(ب) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میرے کوئسچن کو Climate change میں لیا گیا ہے، میرا کوئسچن ماحولیات کے حوالے سے ہے، یہ ہاسپیٹلز کے اور دوسرے جو Treatment Plants یا کارخانے ہیں، ان میں جو کچرا ہے، اس کو ٹھکانے لگانے کے لئے کیا اقدامات کر رہے ہیں؟ انہوں نے مجھے جواب دیا ہے کہ ان پہ کیسز ہو رہے ہیں، عدالتوں میں اتنی ہم نے Recovery کی ہے، میرا کوئسچن یہ نہیں ہے کہ آپ لوگ کتنی اس سے Recovery کر رہے ہیں، کتنے عدالتوں میں ہیں؟ میرا کوئسچن یہ ہے کہ یہ Recycling Purification Plants کیوں نہیں لگوا رہے ؟ اس کے حوالے سے میرا کوئسچن تھا کہ اس پہ عمل درآمد کرنے کے لئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟ ٹھیک ہے اس کے لئے حکومت اقدامات کر رہی ہیں، اس کے لئے ایکٹ بھی موجود ہے لیکن اب بھی اس کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ افسوس کا مقام یہ ہے کہ اس سے ماحولیات کی آلودگی میں بھی بہت زیادہ اضافہ ہو رہا

ہے، بیماریاں پھیلنے میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، اس پہ قابو پانے کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہوگی کہ اگر اس کو کمیٹی کو ریفر کریں تو بہتر ہوگا، باقی ان کی مرضی ہے کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر شوکت علی یوسفزئی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، یہ چونکہ بڑاImportant Question ہے، ہم چاہتے ہیں کہ صوبے کا ماحول بہتر رہے، اسی کے لئے یہ بلین ٹری سونامی کا جو جنگلات لگانے کا فیصلہ کیا گیا تھا وہ یہی تھا کہ ہم جو Global warming ہے اس کا مقابلہ کر سکیں۔ یہ ایک بہت بڑاایشو تھا، آپ کو پتہ ہے کہ زندگی کے لئے 12 سے لیکر 14 پی پی ایم غالباً جو آلودگی ہوتی ہے اس سے زیادہ خطرناک حد تک جاتی ہے اور جو میرے علم میں ہے، مجھے بتایا گیا تھا، آج سے چند سال پہلے 32 پی پی ایم تک پہنچی تھی، آج سے دس پندرہ سال پہلے کی بات کر رہا ہوں، یہ جو سورے پل ہے، یہاں پہ آلودگی کی میں بات کر رہا ہوں، اس سے نمٹنا ہمارے لئے ایک چیلنج ہے، یہ گورنمنٹ کی Responsibility ہے کہ بہتر سے بہترین ماحول دیا جائے۔ اب انہوں نے جو کوئسچن کیا ہے وہ یہ کہ جتنے کارخانے ہیں، ہاسپیٹلز ہیں، ان کو باقاعدہ این او سی لینا پڑتی ہے، ماحولیاتی آلودگی سے بچنے کے لئے جو بھی کارخانہ لگاتا ہے وہ پہلے یہاں سے ماحولیاتی اجازت نامہ جس کو این او سی کہتے ہیں، وہ لینا پڑتی ہے۔ اسی طرح Purification, Treatment Plant, Pollution Plant، یہ وہاں لگائے جاتے ہیں، اس کے لئے ایک ٹریبونل بنایا ہے، ماحولیاتی ٹریبونل اور اس کے اندر جو اس کی Violation ہوتی ہے، اس وقت تک تقریباً کوئی 265 ہسپتالوں کے خلاف کیسز چل رہے ہیں، اگر کہیں پہ، ظاہر ہے فیصلہ تو ٹریبونل نے کرنا ہے، عدالت نے کرنا ہے لیکن جو ادارہ بنا ہے، اس نے 265 ہسپتالوں کے خلاف ایکشن لیا ہے، میرے خیال سے یہ بھی ہے۔ اس کے علاوہ میری گزارش ہوگی کہ کہیں پہ اگر یہ سمجھتی ہیں، کیونکہ کوئسچن بڑاImportant ہے، یہ سمجھتی ہیں کہ جہاں پہ Violation ہو رہی ہے اور وہ حکومت کی نظر میں نہیں ہے، اس کی بھی نشاندہی کی جائے تاکہ ان کے خلاف ایکشن ہو اور جتنا ہم ماحولیاتی آلودگی کو کم کر سکیں وہ ہم کم کر سکیں۔

جناب مسند نشین: جی نعیمہ کشور۔

(عصر کی اذان)

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے ہمارا ملک اس وقت سب سے زیادہ Vulnerable condition میں ہے، ہم دسویں نمبر سے ساتویں نمبر پہ آ گئے ہیں، منسٹر صاحب نے جو کچھ فرمایا، اس سے میں ایگری کرتی ہوں، اگر ہم پلانٹ لگا رہے ہیں، دوسری طرف ہمارا یہ حال ہے تو وہ Efforts ہماری ضائع ہو رہی ہیں، ہمیں ان چیزوں کو روکنا ہوگا، تب ہماری Efforts کامیاب ہو سکتی ہیں، ہم اس سے بچ سکتے ہیں، جس طرح میرے آنریبل ممبر نے بھی فرمایا کہ یہ پرائیویٹ ہاسپیٹلز میں کوئی ایک مجھے بتائیں جس میں یہ پلانٹ لگا ہو، میں آپ کو مثال دونگی، مردان شوگر ملز کتنے ایریا میں ہے، جب ہم گزرتے ہیں، اس کی بدبو ہم برداشت کر سکتے ہیں؟، کیا ادھر پلانٹ لگا ہے؟ کتنے Radius میں ہم ادھر کپڑے بچھا سکتے ہیں، اس سے جو وہ کالی ریت اڑتی ہے، کپڑے اس سے کالے ہو جاتے ہیں، ہوا میں کوئی بندہ کپڑے نہیں سکھا سکتا، بہت سارے ایسے کارخانے ہیں کہ وہ نہیں لگا سکتے، اس لئے میں کہہ رہی ہوں کہ اس کو آپ کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ ہم پوچھ سکیں کہ اس پہ عمل درآمد کیوں نہیں ہو رہا؟ اگر حکومت اقدامات کر رہی ہے، اس پہ عمل درآمد یہ نہیں ہو رہا، پلانٹس نہیں لگائے جا رہے ہیں تو پھر ہمیں اس کا پوچھنا چاہیئے کہ کیوں نہیں ہو رہے ہیں؟

جناب مسند نشین: جی منسٹر شوکت علی یوسفزئی۔

وزیر محنت و افرادی قوت: جناب سپیکر، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے کہ یہ کمیٹی میں جائے، بڑا Important Question ہے، میں نے پہلے ہی کہا ہے کہ بڑا Important ہے لیکن میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو ادارہ تحفظ ماحولیات ہے، اس نے ہسپتالوں کو Instructions دی ہیں Incinerators لگانے کے لئے تاکہ کچرا ٹھکانے لگایا جا سکے۔ جو 2014ء کا ایکٹ بنا ہے وہ اس کی پوری نگرانی بھی کرتا ہے، اس کے ذمے یہ ہے کہ ان چیزوں کو روکے تاکہ Pollution نہ پھیلے، یہ ان کی ذمہ داری میں آتا ہے۔ جہاں تک انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں اس طرح کا کوئی انتظام نہیں ہے، بالکل ہونا چاہیئے، یہ ہم سب کا صوبہ ہے، جتنا صاف رہے گا، اس کا ماحول صاف رہے گا، Environmental Pollution ختم ہوگی تو لوگوں کو فائدہ ہوگا، ہسپتالوں میں رش کم ہو جائے گا، میں اس کے حق میں ہوں، اگر یہ چاہتے ہیں کہ کمیٹی میں جائے، ان کو مزید ڈیٹیل چاہیئے، بالکل آپ بھیج دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 13472 may be referred to the concerned Committee? Those who

